حج کی ادائیگی پر جنت کی بشارت اور گناہوں سے پاکی کا اعلان عام

حج بیت اللہ، عظیم درجہ کا نیک عمل۔ عازمین اپنی نیتوں کا ممکنہ حفاظت کریں۔ علماء کرام اور عمائدین کی تلقین

حیدرآباد، 20 مئی ۔(سہارا نیوز بیورو) اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے، یہ شہادت دینا کہ اللہ تعالی کے سوا کوئی معبود نہیں اور یقیناً محمدؐ اللہ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، حج کرنا، اور ماہ رمضان کے روزے رکھنا۔ ان میں سے حج کثیر الفوائد عبادت ہے جو ہر اس مرد وعورت پر زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے جو صاحب استطاعت ہو۔ جس کی ادائیگی پر جنت کی بشارت اور گناہوں سے پاکی کا اعلان عام ہے اور ساتھ ہی اسکے ذریعہ مختلف افراد کو ملت واحدہ بنا کر عقیدۂ توحید پر جمع کئے جانے اور مختلف قوموں، مختلف نسلوں، مختلف زبانوں، مختلف رنگتوں اور مختلف ملکوں کے اشخاص میں رابطۂ دین کو مضبوط کرنے اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو دین واحد کی وحدت میں شامل ہونے کا اسلامی منشا بھی پورا ہوتا ہے۔ دونوں شہروں میں منعقدہ اتوار کے اجتماعات میں شہر کے ممتاز علماء کرام اور عمائدین نے کہا کہ حج کے لغوی معنی قصداً اور ارادے کے ہیں اور اصطلاحِ شریعت میں حج نام ہے مخصوص اوقات میں خاص طریقوں سے ضروری عبادات اور مناسک کی بجا آوری ہے یعنی احرام باندھ کر نویں ذی الحجہ کو عرفات میں ٹھہرنے اور کعبہ معظمہ کے طواف کا مکہ کے مختلف مقاماتِ مقدسہ میں حاضر ہونا ہے۔ نماز وروزہ صرف بدنی عبادات ہیں، زکوٰۃ صرف مالی عبادت ہے، جبکہ حج وعمرہ، مالی وبدنی ہر قسم کی عبادات کا مجموعہ ہے۔ حج کیلئے ایک خاص وقت مقرر ہے کہ اس میں یہ افعال کئے جائیں تو حج ہے ورنہ نہیں، نوہجری میں فرض ہوا اور اس کی فرضیت قطعی ہے جو اس کی فرضیت کا انکار کرے کافر ہے اور دائرۂ اسلام سے خارج مگر عمر میں صرف ایک بار فرض ہے۔ حج کیلئے یہ ضروری ہے کہ احرام باندھنے سے لے کر احرام اتارنے تک ہر حاجی نیکی وپاکبازی اور امن و سلامتی کی پوری تصویر ہو، وہ لڑائی جھگڑا اور دنگا فساد نہ کرے، کسی کو تکلیف نہ دے یہاں تک کہ بدن یا کپڑوں کی جوں یہاں تک کہ کسی چیونٹی تک کو نہ مارے شکار تک اس کے لیے جائز نہیں کیونکہ وہ اس وقت ہمہ تن صلح وآشتی اور مجسم امن وامان ہوتا ہے۔ حج کمزوروں اور عورتوں کا جہاد ہے، حج محتاجی کو ایسا دور کرتا ہے جیسے بھٹی لوہے کے میل کو، حج مبرور کا ثواب جنت ہی ہے، حاجی کی مغفرت ہو جاتی ہے اور جس کے لیے حاجی استغفار کرے اس کی بھی، حاجی اپنے گھر والوں میں سے چارسو کی شفاعت کریگا۔ حج کمزوروں اور عورتوں کا جہاد ہے، حج محتاجی کو ایسا دور کرتا ہے جیسے بھٹی لوہے کے میل کو، حج مبرور کا ثواب جنت ہی ہے، حاجی کی مغفرت ہوجاتی ہے اور جس کیلئے حاجی استغفار کرے اسکی بھی، حاجی اپنے گھر والوں میں سے چارسو کی شفاعت کریگا، حاجی اللہ کے وفد ہیں، اللہ نے انہیں بلایا یہ حاضر ہوئے انہوں نے سوال کیا اللہ نے انہیں دیا، حاجی کے لیے دنیا میں عافیت ہے اور آخرت میں مغفرت، جو حج کے لیے نکلا اور مرگیا قیامت تک اس کے لیے حج کرنے والے کا ثواب لکھا جائیگا، اس کی پیشی نہیں ہوگی اور بلاحساب جنت میں جائیگا اور جس نے حج کیا یا عمرہ وہ اللہ کی ضمان میں ہے، اگر مرجائیگا تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائیگا اور گھر کو واپس کر دے تو اجر وغنیمت کیساتھ واپس کریگا۔ حاجی کیلئے دنیا میں عافیت ہے اور آخرت میں مغفرت۔ جسطرح حج کرنے پر فضائل کی کثرت ہے، اسی طرح اس عظیم ترین عمل سے کوتاہی برتنے پر سخت وعید بھی وارد ہوئی ہے۔ علماء کرام نے مزید کہا کہ حج چونکہ بہت اعلیٰ درجہ کا نیک عمل ہے اور اس سے بندہ کے دین میں اور اسکے درجوں میں بہت ترقیاں ہوتی ہیں، اور اگر وہ ٹھیک طرح سے ہوجائے تو اس سے سارے گناہ معاف ہوجاتے ہیں اسلئے شیطان اس کو خراب اور برباد کرنے کی بڑی گہری کوششیں کرتا ہے، عازمین حج کو شیطان کی شرارتوں سے بہت ہوشیار رہنا چاہئے اور اپنے دل اور نیت کی دیکھ بھال کرتے رہنا چاہئے۔ اس بات کا خیال رہے کہ اللہ تعالیٰ بڑی عزت سے نوازا ہے اس پر شکر ادا کرتے رہنا چاہئے۔ ادائیگی حج کیساتھ ہی ایک نئی زندگی کا آغاز کریں جس میں دین و دنیا دونوں کی بھلائیاں اور کامیابیاں شامل ہوں۔

سپریم کورٹ کا تلنگانہ ہائیکورٹ کے فیصلہ کو چالینج کردہ عرضی پر سماعت سے اتفاق

حیدرآباد، 20 مئی ۔(ایس این بی) سپریم کورٹ نے اہلیت کے معیار کو برقرار رکھنے سے متعلق تلنگانہ ہائیکورٹ کے فیصلہ کو چالینج کردہ عرضی پر سماعت کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ تلنگانہ ہائیکورٹ نے اپنے فیصلہ میں کہا تھا کہ مقامی باراسوسی ایشن میں درج وکلا ہی ریاست میں سیول جج کے عہدہ کے امتحانات میں شرکت کرنے کے مجاز رہیں گے۔ رشی کیش رائے اور پرشانت کمار مشرا پر مشتمل بنچ نے وی راکیش ریڈی ایڈوکیٹ کی عرضی پر نوٹس جاری کی ہے۔ راکیش ریڈی نے دہلی بار کونسل میں اندراج کرایا ہے اور انہیں تلنگانہ میں سیول جج کے عہدہ کے امتحان کے لئے درخواست دینے کی اجازت نہیں دی گئی۔ سپریم کورٹ کی دورکنی بنچ نے 17 مئی کو دیئے گئے اپنے احکام میں کہا کہ 10۔ اپریل 2024 کو جاری اشتہار کے مطابق درخواست گزار کو آن لائن فام اپ لوڈ کرنے کی اجازت دی جانی چاہئے اور بنچ نے تلنگانہ اسٹیٹ جوڈیشیل (سرویس اینڈ کیڈر) رول بابتہ 2023 کی دفعات 5.2(A)(III)(a) کے تحت ایڈوکیٹ ریڈی کی درخواست کو مسترد نہیں کرنا چاہئے۔ تلنگانہ اسٹیٹ جوڈیشیل سرویس رول 2023 کے مطابق امیدوار کو جو امتحانات میں شرکت کرنا چاہتے ہیں' مقامی باراسوسی ایشن میں کام کرنا اور انہیں پراکٹس کا سرٹیفکٹ پیش کرنا لازمی رہے گا۔

تلنگانہ کے 9151 عازمین حج مدینہ منورہ عبادات میں مشغول

محترمہ سنیہا جہ، ریجنل پاسپورٹ آفیسر حیدرآباد نے عازمین حج کے 29 ویں قافلے کو روانہ کیا

حیدرآباد، 20 مئی ۔(ایس این بی) تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے ذریعہ جملہ 9151 عازمین حج مدینہ منورہ بخیریت و عافیت روانہ ہو چکے ہیں۔ وہاں پر پہنچ کر عبادتوں میں مشغول ہیں۔ جملہ اب تک 28 فلائٹس قافلوں کی روانگی ہوچکی ہے۔ اب صرف 10 طیارے باقی ہیں۔ جملہ 38 طیارے ہیں۔ حیدرآباد ایمبارکیشن پوائنٹ نامپلی سے جملہ 11,464 ہزار عازمین حج 25 مئی تک مدینہ منورہ پہنچ جائیں گے۔ اتوار 19 مئی کو تین طیاروں کے ذریعہ جملہ 1010 عازمین حج مدینہ منورہ پہنچ گئے ہیں۔ مولانا حضرت سید غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدر نشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی وسجادنشین بارگاہ حضرت افضل بیابانیؒ، جناب شیخ لیاقت حسین ایگزیکیٹو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی نے ایک صحافتی بیان میں کہا کہ 8 مئی سے عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ شروع ہوا تھا اور 25 مئی تک جاری رہے گا۔ حضرت مولانا سید شاہ غلام افضل بیابانی خسرو پاشا صدرنشین حج کمیٹی تلنگانہ نے بتایا کہ جملہ 38 فلائٹس ہیں۔ ہر قافلے میں 289 عازمین حج شامل تھے صرف پانچ طیارے 408، 410، 405، 439 اور 378 کے تھے۔ جناب شیخ لیاقت حسین ایگزیکیٹو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی نے بتایا کہ اب صرف 11 طیارے باقی رہ گئے ہیں۔ جن کے ذریعہ 3168 عازمین حج 25 مئی تک مدینہ منورہ پہنچ جائیں گے۔ حضرت مولانا سید شاہ غلام افضل بیابانی صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی، جناب لیاقت حسین ایگزیکیٹو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی حج کیمپ 2024 کی راست نگرانی کررہے ہیں۔ جناب شیخ لیاقت حسین ایگزیکیٹو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی نے بتایا کہ حج کمیٹی آف انڈیا ممبئی کی جانب سے تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے لیے جملہ چار اسٹاف کو روانہ کیا گیا تھا۔ جن میں انچارج حیدرآباد ایمبارکیشن پوائنٹ نامپلی جناب ہاشم پارکر سینیئر منتظم حج کمیٹی آف انڈیا (ممبئی)، جناب محمد اکبر محمد آزاد سینیئر ملازم حج کمیٹی آف انڈیا (ممبئی) کی رہنمائی میں روزانہ عازمین حج کی رہنمائی کی جارہی ہے۔ ان کو بروقت رہنمائی کے ذریعہ اطلاعات دی جارہی ہیں۔ جن کی اعانت جناب شیخ محمد الطاف جناب فہد شیخ ملازمین حج کمیٹی آف انڈیا (ممبئی) کے علاوہ حیدرآباد کے دو ممتاز سماجی کارکنان جو عرصے دراز سے حج کیمپ میں رضا کارانہ طور پر خدمت انجام دیتے آرہے ہیں جن کے نام جناب محمد عبدالرزاق، جناب محمد بن غالب قابل ذکر ہیں۔ حضرت مولانا سید شاہ غلام افضل بیابانی خسرو پاشا صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی نے بتایا کہ 8 مئی سے عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ کا آغاز ہوا جو 25 مئی تک جاری رہے گا۔ اب تک روانہ ہونے والے طیاروں کی تفصیل اس طرح ہے۔ 8 مئی کو ایک طیارہ، 9 مئی کو ایک، 10 مئی کو دو، 11 مئی کو ایک، 13 مئی کو تین، 14 مئی کو دو، 15 مئی کو دو، 16 مئی کو چار، 17 مئی کو تین، 18 مئی کو دو اور 19 مئی کو تین طیارے پیر 20 مئی کو دو، اور منگل 21 مئی کو ایک، 22 مئی کو دو، 23 مئی کو تین، 24 مئی کو ایک اور 25 مئی کو آخری دو طیارے روانہ ہوں گے۔ پیر 20 مئی کو عازمین حج کے 29 ویں قافلے کو محترمہ سنیہا جہ (آئی ایف ایس) ریجنل پاسپورٹ آفیسر حیدرآباد نے ہری جھنڈی دکھا کر حج ہاؤز نامپلی سے شمس آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو روانہ کیا۔

تلنگانہ انجینئرنگ کامن انٹرنس ٹسٹ کے نتائج جاری

حیدرآباد، 20 مئی ۔(ایس این بی) تلنگانہ ای سیٹ (تلنگانہ انجینئرنگ کامن انٹرنس ٹسٹ 2024) کے نتائج جاری کردیئے گئے ہیں۔ بورڈ آف ہائر ایجوکیشن کے چیئرمین پروفیسر آر لمبادری نے آج ای سیٹ کے نتائج جاری کئے۔ انجینئرنگ کالجوں میں داخلہ کے لیے پالی ٹیکنک طلبہ کے لیے تلنگانہ انجینئرنگ کامن انٹرنس ٹیسٹ کا انعقاد عمل میں لایا گیا تھا۔ پروفیسر لمبادری نے بتایا کہ ریاست بھر سے 23 ہزار 330 طلباء نے سیٹ تحریر کیا تھا جن میں سے 22 ہزار 365 طلباء نے کوالیفائی کیا۔ تلنگانہ کے 95.86 فیصد طلباء نے اس اہلیتی امتحان کو کوالیفائی کیا۔ انہوں نے کہا کہ پداپلی کی یادگیری نے بی ایس سی میتھس میں پہلا رینک حاصل کیا ہے۔ جبکہ آندھرا پردیش کے منوہر نے کیمیکل انجینئرنگ میں پہلا رینک حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ داخلوں کا عمل 2 جون سے شروع ہوگا۔ واضح رہے کہ تلنگانہ ای سیٹ کا امتحان 6 مئی کو منعقد ہوا تھا۔ عثمانیہ یونیورسٹی کے زیراہتمام منعقدہ ای سیٹ امتحان کے لیے ریاست بھر میں جملہ 99 مراکز قائم کیے گئے تھے۔

پٹرول پمپ پر آتشزدگی کا واقعہ ٹل گیا

حیدرآباد، 20 مئی ۔(ایس این بی) پٹرول پمپ کے ملازمین کی بروقت چوکسی کے نتیجہ میں تلنگانہ کے ضلع یادادری بھونگیر میں ایک بڑا آگ کا واقعہ ٹل گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کے نواحی علاقہ کے ایک پٹرول پمپ پر ایک بڑی لاری پہنچی تاہم اس میں آگ لگ گئی۔ اس آگ کو دیکھتے ہوئے پٹرول پمپ کے ملازمین نے فوری چوکسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ کو بجھانے کا کام کیا جس کی وجہ سے ایک بڑا حادثہ ٹل گیا۔ اس واقعہ سی سی ٹی وی کیمرہ میں قید ہوگیا۔

ادارہ میرا شہر میرے لوگ کے زیراہتمام

شعری ادبی تہذیبی خدمات کے اعتراف میں 28 مئی کو ادبی تقریب

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) ادارہ میرا شہر میرے لوگ کی جانب سے ۲۸/مئی بروز منگل 5:30 بجے ابوالکلام آزاد اورینٹل ریسرچ انسٹیٹیوٹ، باغ عامہ، نامپلی میں زیرسرپرستی ڈاکٹر وی رمنا چاری سابق مشیر اعلیٰ محکمہ تہذیبی وثقافتی امور تلنگانہ، زیرنگرانی جناب آصف پاشاہ سابق صدرنشین اردو اکیڈیمی وسابق وزیر قانون ادبی اجلاس ومشاعرہ کا اہتمام رہے گا۔ مولانا مفتی صادق محی الدین فہیم صدر یونائیٹڈ مسلم فورم محفل شعر وادب کے سرپرست رہیں گے۔ صدر ادارہ میرا شہر میرے لوگ جناب صلاح الدین نیر مدیر خوشبو کا سفر خیر مقدمی وتعارفی تقریر کریں گے۔ نائب صدر ادارہ قاضی فاروق عارفی اسسٹنٹ سکریٹری وقف بورڈ ادارہ میرا شہر میرے لوگ کی ادبی سرگرمیوں پر روشنی ڈالیں گے۔ باصلاحیت شاعر معتمد ادارہ جناب لطیف الدین لطیف ادبی اجلاس ومشاعرہ کی نظامت کے فرائض انجام دیں گے۔ ذہین وفطین ادب دوست شخصیت پروفیسر ایس اے شکور سابق صدر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ وڈائرکٹر دائرۃ المعارف صدارت کریں گے۔ ڈاکٹر سید فاضل حسین پرویز نصیر اللہ ہاشمی کی اردو خدمات، مقصود علی خان سحر پروفیسر سید محمد کی ادبی و صحافتی خدمات، ڈاکٹر ناظم علی پروفیسر مغنی تبسم اور ڈاکٹر جہانگیر احساس پروفیسر سلیمان اطہر جاوید کی شعر وادب وتدریسی خدمات کو خراج پیش کریں گے۔ نماز مغرب وعشاء کیلئے وقفہ ہوگا۔ قاضی فاروق عارفی ولطیف الدین لطیف اردو ادب دوست سے شرکت کی خواہش کی ہے۔

سالانہ یوم ابوالخیراتؒ

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) سالانہ یوم ابوالخیرات حضرت ابوالخیرات الحاج سید انوار اللہ شاہ نقشبندی جانشین حضرت ابوالبرکاتؒ 2/جون کو مقرر ہے۔ خادم ابوالخیرات قاضی محمد احسان اللہ خالد کی جانب سے بعد عصر مزار ابوالخیراتؒ واقع نقشبندی چمن مصری گنج میں چادرگل پیش کی جائیگی اور دعاء ہوگی۔ میر رفیق علی ترمذی گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔

ماہانہ فاتحہ

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) ماہانہ فاتحہ حضرت سیدنا بابا بہاؤالدین سہروردیؒ واقع خواجہ گوڑہ منی کونڈہ میں 15 ذیقعدہ مطابق 24 مئی کو بعد نماز ظہر مقرر ہے جس میں تبدیلی غلاف مبارک وچادرگل پیش کی جائیگی۔ حضرت شاہ محمد رحیم الدین شکیل سہروردی سجادہ نشین حضرت بابا فخرالدینؒ سہروردی المعروف میٹھے شاہ ولی کی سرپرستی میں محمد غوث قادری رضوی سہروردی سجادہ نشین مراسم انجام دینگے۔ مزید معلومات فون نمبر 9700019544 / 9949816279 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

620 واں عرس خواجہ دکنؒ

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) 620 واں عرس خواجہ دکنؒ (گلبرگہ) میں 24 مئی تا 26 مئی کو منایا جائیگا۔ عرس کی تیاریاں جاری ہیں پروگرام کے مطابق 24 مئی بروز جمعہ کو صندل شریف 25 مئی کو چراغاں اور 26 مئی کو محفل قل ہوگی۔

پروفیشنل کمپیوٹر ایجوکیشن کی مفت کلاسس

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) طلبہ وطالبات کیلئے جو کہ SSC، Inter پاس یا فیل اور ملازمت کے متلاشی ہوں اور انہیں ہنرمند وخود مکتفی بنانے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورسس کا مفت اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ، کمپیوٹر ہارڈویر، ڈی ٹی پی، آٹو کیڈ، ایم ای پی کمپیوٹر اکاؤنٹنگ پیاکیجس، ایم ایس آفس ڈیٹا انٹری، اے ڈی سی اے، پی جی ڈی سی اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے۔ خواتین وطالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا اور اس کے ساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں۔ مزید معلومات کیلئے 8367303473 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

ماہانہ فاتحہ ومجلس

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) تیگل کنٹہ آستانہ یوسفیہؒ میں حضرت صوفی سکندر علیؒ وحضرت صوفی سوسف علیؒ المعروف دادا غیب قلندر قبلہ کہ ماہانہ فاتحہ ومجلس مقرر ہے۔ علم پنجتن پاک مبارک و آستانہ دربار عاشق مولا علی علیہ السلام حضرت یوسفیہؒ (بمقام تیگل کنٹہ 12/ذیقعدہ بروز منگل کو مقرر ہے) شام 9 بجے مجلس ہوگی۔ بعد مجلس حلقہ ذکر چادرگل سلام و فاتحہ خوانی دعا ہوگی۔ زیرصدارت نبیرا مولانا علوی صوفی اطہر علی کامل نجفی (صدر مرکز انجمن قلندر) سجادہ نشین متولی کریں گے۔ رابطہ کے لئے 9392098452 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

فری اسپوکن عربی کلاسیس

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) ورڈ ماسٹر کمپیوٹر ملے پلی کی جانب سے طلبہ اور دیگر افراد کو گرمائی تعطیلات میں عربی تعلیم سے آراستہ کرنے کے مقصد سے فری اسپوکن عربی کلاسیس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ تعلیم اور عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔ ورڈ ماسٹر روبرو ابراہیم مسجد ملے پلی میں یہ کلاسیس منعقد ہوں گی۔ لڑکیوں کے لئے مکمل پردہ اور خواتین اساتذہ کے ذریعہ تعلیم کا انتظام ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے فون 9885974828 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

عرس حضرت سیدنا اُجالے شاہ کا اختتام

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) عرس شریف حضرت سیدنا اجالے شاہ صاحب قبلہؒ قادری چشتی بندہ نوازی اور حضرت سیدنا جلال شاہ چشتی سلسلہ اجمیری کا احاطہ درگاہ شریف سعید آباد میں انعقاد عمل میں آیا۔ پہلے روز جلوس صندل مالی درگاہ شریف سے روانہ ہوا۔ جوگشت کرتا ہوا گرما گوڑہ، پرنٹنگ پریس، اکبر باغ سے درگاہ شریف پہنونچا جہاں پر تبدیل غلاف مبارک پیشکشی چادرگل، دعا سلام ہوا۔ تمام مراسم عرس متولی و سجادہ نشین سید محمد عبدالحمید چشتی قادری بندہ نوازی نے انجام دیئے۔ دوسرے دن محفل چراغاں، زیارت آثار مبارک حضرت ممدوح منعقد ہوئی۔ تیسرے روز جلسہ عظمت اولیاء و دستار بندی خلافت کا پروگرام منعقد ہوا۔ جس میں علمائے کرام مشائخین عزام نے شرکت کی اس موقع پر رکن اسمبلی ملک پیٹ احمد بلالہ کی شال پوشی وگلپوشی کی گئی۔ سید عبدالکلیم، محمد عبداللطیف، محمد عبدالکاشف نے مہمانوں کا استقبال کیا۔

ہفتہ واری دینی اجتماع

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) جامع مسجد محی الدین النساء ملک پیٹ میں ہفتہ واری دینی اجتماع بروز چہارشنبہ بعد نماز عشاء مقرر ہے۔ مولانا حافظ غلام خواجہ سیف اللہ سلمان شہوری کامل حدیث جامعہ نظامیہ کا خطاب ہوگا۔

ٹی ایس ٹی ای ٹی کا آغاز

حیدرآباد، 20 مئی ۔(ایس این بی) تلنگانہ اسٹیٹ ٹیچر اہلیتی ٹسٹ (ٹی ایس ٹی ای ٹی) 2024 کا آج سے آغاز عمل میں آیا۔ پہلی مرتبہ ٹی ای ٹی کمپیوٹر پر مبنی طریقہ کار کے تحت منعقد کیا جارہا ہے۔ قبل ازیں اس کا او ایم آر پر مبنی آف لائن طریقہ کار کے تحت انعقاد عمل میں لایا جاسکتا تھا۔ اس دفعہ یہ ٹسٹ ریاست تلنگانہ کے 16 اضلاع میں 80 مراکز امتحان پر 9 بجے صبح تا 11:30 بجے دن اور 2 بجے دوپہر تا 4:30 بجے شام دو سیشنس میں منعقد کیا جارہا ہے۔ صبح کے سیشن میں 8:45 بجے صبح اور دوپہر کے سیشن میں 1:45 بجے گیٹ کو بند کردیا جارہا ہے اور اس کے بعد امیدواروں کو داخلہ کی اجازت نہیں دی جارہی ہے۔

اسکول فیس میں باقاعدگی

حیدرآباد، 20 مئی ۔(ایس این بی) خانگی اسکولوں کے انتظامیوں کی جانب سے ہرسال فیس میں بے انتہا اضافہ کے باعث والدین کی فکر وتشویش میں اضافہ کے پیش نظر حکومت تلنگانہ کی جانب سے بہت جلد اسکول فیس باقاعدگی کمیٹی کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔ اس اقدام کا مقصد یہ ہے کہ اسکول فیس میں باقاعدگی کیلئے مناسب طریقہ کار وطرز عمل اختیار کیا جائے اور ہر ایک کیلئے معیاری تعلیم تک رسائی کو یقینی بنایا جائے۔ تاہم اسکول فیس میں باقاعدگی جو عنقریب کی جائے گی اس کا نفاذ آئندہ تعلیمی سال سے عمل میں آئے گا کیونکہ جاریہ تعلیمی سال کیلئے داخلوں کا اختتام ہوچکا ہے اور اسکول نئے تعلیمی سال کیلئے 12/جون سے کھل جائیں گے۔

مسجد عمر شاہ فلک نما کی مالی اعانت کی اپیل

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) مسجد عمر شاہ عادل شاہ کالونی فلک نما منڈل راجندر نگر کی انتظامی کمیٹی نے اہل خیر حضرات سے مسجد کے تعمیری کاموں میں تعاون کی اپیل کی ہے۔ مسجد کے تعمیری کاموں میں سمنٹ 150 تھیلے، ریتی 40 میٹرک ٹن نیز مزدوری وغیرہ کیلئے سرمایہ کی اشد ضرورت ہے۔

اردو یونیورسٹی میں داخلوں کی تاریخ میں توسیع

انٹرنس کی بنیاد پر درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 مئی

حیدرآباد، 20 مئی ۔(پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں داخلوں کے لیے درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ میں 30 مئی تک توسیع کی گئی ہے۔ البتہ انٹرنس ٹسٹ شیڈیول کے مطابق 11 تا 13 جون کو منعقد ہوں گے۔ پروفیسر ایم ونجا، ڈائرکٹر نظامت داخلہ کے مطابق ملک بھر سے موصول ہونے والی مختلف نمائندگیوں کی بنیاد پر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے انٹرنس کے ذریعہ داخلوں کے کورسز میں درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ میں 10 دن کی توسیع کردی گئی ہے۔ اب خواہشمند طلبہ 30 مئی تک آن لائن درخواستیں دے سکتے ہیں۔ اس سال یونیورسٹی میں ایل ایل بی وایل ایل ایم، 'قانون' میں پی ایچ ڈی اور 'مدرسہ میں زبان کی تدریس' میں پی ایچ ڈی متعارف کیے گئے ہے۔ گذشتہ سال ایم ووکیشنل میں میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی اور میڈیکل لیباریٹری ٹیکنالوجی کے کورسز کا آغاز کیا گیا تھا۔ ان کے علاوہ اردو ثقافتی مطالعات اور تقابلی مطالعات میں پی ایچ ڈی کے کورسز بھی شروع کیے گئے تھے۔ پروفیسر ایم ونجا، ڈائرکٹر نظامت داخلہ کے مطابق انٹرنس کے ذریعہ داخلہ دیے جانے والے کورسز میں پی ایچ ڈی پروگرام (اردو، عربی، انگریزی، ہندی، فارسی، مطالعات ترجمہ؛ مطالعات نسواں، نظم ونسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سوشیالوجی، دکن اسٹڈیز؛ تعلیم؛ صحافت وترسیل عامہ؛ مینجمنٹ، کامرس؛ ریاضی، طبعیات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات، کمپیوٹر سائنس، اردو ثقافتی مطالعات، تقابلی مطالعات، قانون، سماجی اخراج و شمولیتی پالیسی، مدرسہ میں زبان کی تدریس)؛ پوسٹ گریجویٹ پروگرام (ایم بی اے؛ ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ اور ماسٹر آف لاء (ایل ایل ایم))؛ انڈر گریجویٹ پروگرام (بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، بی ٹیک (سی ایس) (لیٹرل انٹری)، ایل ایل بی، بی اے ایل ایل بی (آنرس) اور بی ایڈ) پیشہ ورانہ ڈپلوما ان ایلمنٹری ایجوکیشن (ڈی ایل ایڈ)؛ پالی ٹیکنک-ڈپلوما ان انجینئرنگ (سیول، کمپیوٹر سائنس، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن، انفارمیشن ٹکنالوجی، میکانیکل، الیکٹریکل و الیکٹرانکس، آٹو موبائل اینڈ اپیرل ٹکنالوجیز) اور پالی ٹیکنیک- ڈپلوما لیٹرل انٹری شامل ہیں۔ درخواستیں صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ تفصیلات ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ داخلہ کیلئے 6207728673, 9866802414، 8527164610, 6302738370 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

اکاونٹنگ پیاکیجس آٹو کیڈ اور کمپیوٹر کی مفت کوچنگ کلاسس

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) طلبہ وطالبات کیلئے جو کہ ایس ایس سی، انٹر پاس فیل اور ملازمت کے متلاشی ہوں اور انہیں ہنرمند وخود مکتفی بنانے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورسس کا مفت اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ، کمپیوٹر ہارڈویر، ڈی ٹی پی، آٹو کیڈ، ایم ای پی، کمپیوٹر اکاونٹنگ پیاکیجس، ایم ایس آفس، ڈیٹا انٹری، اے ڈی سی اے، پی جی ڈی سی اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے۔ خواتین وطالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا۔ اور اس کیساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں۔ ایس ایس سی، انٹر ڈگری میں جو طلبہ ناکام ہوں اپنی تعلیم جاری رکھنے کیلئے ون سٹنگ کی سہولت سے تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔

امراء وخواص کے علاوہ عوامی طبقہ برقی کے متبادل شمسی توانائی کی جانب راغب

☐ سب اسٹیشنوں کے برعکس سوالار پلانٹس کی تنصیب کے باعث بھاری برقی بلز سے چھٹکارا بنیادی مقصد

☐ دونوں شہروں کے عوام کی آمدنیوں میں کمی اور بلز کے بوجھ سے بچنے غریب عوام بھی سولار سسٹم کی تنصیب پر آمادہ

حیدرآباد، 20 مئی۔(سہارا نیوز بیورو) نہ صرف مشہور شخصیات اور انتہائی امیر' شہر کے اعلی متوسط طبقے کے لوگ بھی شمسی توانائی (سولار پلانٹ) میں تیزی سے دلچسپی کا مظاہرہ کررہے ہیں تاکہ گرمیوں کے موسم میں آسمان کو چھونے والے برقی کے بلوں سے چھٹکارا حاصل کیا جاسکے۔ عام بجلی یونٹ کی لاگت کے مقابلے میں جو برقی کے سب اسٹیشنوں سے آرہی ہے، شمسی توانائی کے پینل سے حاصل ہونے والی توانائی کی فی یونٹ لاگت نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس کی تنصیب اور مینٹیننس کی لاگت بھی بہت کم ہے۔ موجودہ دور میں حیدرآباد کے شہری اپنے گھریلو اور دفتری سامان کے لیے کچھ مقدار میں برقی پیدا کرنے کے لئے شمسی پینل لگانے میں زیادہ دلچسپی دکھا رہے ہیں۔ مشہور شخصیات سے لے کر عام لوگوں میں تک پچھلے ایک سال سے شمسی توانائی کا جنون بڑھ گیا ہے۔ اس سولار پینل کی تنصیب کے پروگرام کیساتھ جو مرکزی حکومت کے ذریعہ چل رہا ہے، پچھلے دنوں سے تیار کیا گیا تھا۔ گریٹر حیدرآباد کے نوحلقوں میں 8,078 مکانات اور دفاتر اپنی عمارتوں میں منی سولار پلانٹس استعمال کررہے ہیں۔ ہر ایک اپنی چھتوں پر اپنے منی پلانٹ سے اوسطا 105 سے 150 میگا واٹ شمسی توانائی پیدا کررہا تھا اور شمسی پینل سے برقی کی پیداوار موسم سرما بارش اور گرمیوں کے موسموں میں مختلف ہوتی ہے۔ قابل تجدید توانائی کی پیداوار بہت زیادہ ہے جبکہ شمسی پینل کو پوری طرح سورج کی روشنی سے دوچار کیا جاتا ہے۔ واقعی اس شہر میں سال بھر میں سورج کی روشنی کا

زیادہ اثر رہا ہے۔ معاشروں کی ترقی اور نشو ونما کا ہمارے قدرتی ماحول پر بہت بڑا اثر پڑتا ہے۔ شہریوں کو پائیدار چیزوں کے استعمال کے بارے میں زیادہ آگہی حاصل ہونے سے جو فطرت کو نقصان نہیں پہنچاتے ہیں وہ ایک صاف ستھرے ماحول کی سمت کئی اقدامات کررہے ہیں۔ اس سلسلے میں شمسی توانائی جو قابل تجدید ہے اس کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ قدرتی وسائل کو متاثر نہیں کرتی ہے، آلودگی پیدا نہیں کرتی اور ماحول دوست ہے اور برقی کے بہت زیادہ بلوں کی بچت کرتی ہے۔ ان سولار پراجیکٹس کو عام لوگوں کیلئے دستیاب بنانے کیلئے عوام کو شمسی چھتوں کا نظام لگانے کیلئے سبسڈی اسکیم پیش کرتے ہیں۔ مرکزی حکومت عام نظاموں میں ریاستوں کو اس خصوصی سسٹم کیلئے 30 فیصد سبسڈی فراہم کرتا ہے۔ سبسڈی حاصل کرنے کیلئے بغیر سبسڈی کے چھت والے پی وی سسٹم کی تنصیب کی اوسط لاگت 60 ہزار سے 70 ہزار روپے تک ہونی چاہئے۔ نئی تعمیر شدہ عمارتیں لازمی طور پر سولار پینلس لگا رہی ہیں۔ گیٹڈ کمیونٹیز کا انتظام، اعلی رینج اپارٹمنٹس اپنے متوقع تعمیراتی بجٹ میں شمسی پینل کی تنصیب کیلئے فنڈز فراہم کررہے ہیں۔ عام اور نچلے متوسط طبقے کے افراد کے دولت مند اور مشہور شخصیات اپنی چھتوں پر سولار پینلس فکس کررہے ہیں۔ ایک کلوواٹ شمسی برقی کی تیاری کیلئے پانچ سال قبل اس کی قیمت ایک لاکھ روپے ہے، لیکن ٹکنالوجی میں ترقی کیساتھ موجودہ دور میں اس کی لاگت صرف 35 تا 40 ہزار ہے۔ وہ لوگ جو چھت پر سولار پینل لگانے کے بعد دو سے تین ہزار برقی کے بل ادا کررہے تھے اب ایک ہزار سے بھی کم ادائیگی کررہے تھے۔ حکومت نے سولار پینلس کے رابطے بڑھانے کیلئے کچھ رہنما اصولوں پر عمل درآمد کیا۔ کچھ رہنما خطوط تبدیل کیں اور 2020 میں کچھ تبدیلیوں کیساتھ نئی پالیسی نافذ کی جس کے تحت دفاتر اور گھروں کو مکمل شمسی توانائی کی تیاری کیلئے سو فیصد سہولت فراہم کرنے کیلئے انتظامیہ پوری طرح پابند ہے۔

حسن اخلاق آدھا دین ہے:

قاری عبدالقیوم شاکر

حیدرآباد، 20 مئی ۔(راست) رسول کریمؐ کا ارشاد مبارک ہے کہ حسن اخلاق آدھا دین ہے، قرآن کریم نے نبی رحمتؐ کے بارے میں کہا کہ بے شک آپؐ بہت بلند اخلاق کے حامل ہیں۔ اخلاق کے ذریعہ ہی کسی بھی انسان کی شناخت کا دارومدار ہے۔ کوئی بھی انسان اچھے اخلاق کے ذریعہ اونچا مقام حاصل کرسکتا ہے۔ اسلام کو فروغ اخلاق سے ہی ملا ہے۔ حضورؐ کے اخلاق کے تمام مکہ والے قائل تھے باوجود وہ حضورؐ کی مخالفت کئے لیکن اخلاق کی مسلسل تعریف کیا کرتے تھے اسی طرح فی زمانہ اگر ہم اچھے اخلاق کو اپنائیں تو اپنوں کے علاوہ برادران وطن کو بھی اپنا بنا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار قاری محمد عبدالقیوم شاکر نے تاریخی مکہ مسجد میں اقراء قرأت و اذان کی تربیت کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر زمانے میں اچھے اخلاق والوں کی قدر ہوئی اور ہوتے رہیگی۔ ہم اپنے دشمن کو بھی اچھے اخلاق کے ذریعہ اپنا بنا سکتے ہیں۔ اس موقع پر طلباء کو قرأت و اذان کی خوب مشق بھی کروائی گئی اور تجوید کے قواعد سے بھی واقف کروایا گیا۔

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن
GHMC
EE-Div-16/EE/Divn.16/(SBZ)/GHMC
NIT No. : 05 / Cir-16/Engg-Div-16/SBZ/GHMC/2024 Dt : 20-05-2024
کام کا نام: سلسلہ نمبر ایک تا 9 کیلئے۔ سرکل۔16، ایس بی زیڈ، جی ایچ ایم سی میں نان ایس او آر کیلئے مانسون ایمرجنسی ورکس، تاریخ آغاز 20/05/2024، وقت 3:00 بجے دن سے۔ بولی کیلئے رسید اخذ کرنے کی قطعی تاریخ وقت 23/05/2024، وقت 3:30 بجے دن۔ شری پی وی ایس راجو، ایگزیکیٹو انجینئر، ڈویژن۔16، سرکل۔16، عنبرپیٹ، سکندرآباد زون، جی ایچ ایم سی سیل: 6309919062، 6309920591۔ متعلقہ ایگزیکیٹو انجینئر کا پتہ: ڈویژن۔16، ایس بی زیڈ، جی ایچ ایم سی، عابڈس، گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن۔ مزید تفصیلات ای پروکیورمنٹ ویب سائٹ www.tender.telangana.gov.in پر ملاحظہ کریں۔
ایگزیکیٹو انجینئر، ڈویژن۔16، ایس بی زیڈ، جی ایچ ایم سی
R.O.No.12154-PP/CL/ADVT/1/2024-25

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
A Central University under Ministry of Education
Government of India
NAAC A+

داخلہ اعلامیہ 2024-25

ایم ٹیک (سی ایس ای) (آرٹیفیشل انٹیلی جنس اینڈ مشین لرننگ) اور
فیشن ٹیکنالوجی اور انٹیریر ڈیزائن میں سرٹیفکیٹ، ڈپلوما و انڈر گریجویٹ پروگرامس

تعلیمی سال 2024-25 کے لیے (1) ایم ٹیک - سی ایس ای (آرٹیفیشیل انٹیلی جنس اینڈ مشین لرننگ) پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسرڈ / سیلف فینانس ذریعے سے شعبۂ کمپیوٹر سائنس وآئی ٹی حیدرآباد کیمپس (2) حیدرآباد کیمپس میں سامانا کالج آف ڈیزائن اسٹڈیز کے اشتراک سے فیشن ٹیکنالوجی وانٹیریر ڈیزائن میں سرٹیفکیٹ، ڈپلوما اور انڈر گریجویٹ پروگرامس اور (3) لکھنؤ کیمپس میں سامانا کالج آف ڈیزائن اسٹڈیز کے اشتراک سے فیشن ٹیکنالوجی وانٹیریر ڈیزائن میں سرٹیفکیٹ پروگرام میں داخلے کے لیے آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں۔ تمام پروگرامس اسکول برائے ٹیکنالوجی کے تحت چلائے جارہے ہیں۔

پُرکردہ درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 جون 2024 ہے۔

درخواستیں صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ امیدواروں کے لیے عمومی ہدایات اور آن لائن درخواست فارم آخری تاریخ تک یونیورسٹی ویب سائٹ پر دستیاب رہیں گے۔ تفصیلات یا کسی وضاحت کے لیے admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ اہلیت کی جانکاری کے لیے ویب سائٹ www.manuu.edu.in ملاحظہ کریں۔
10 مئی 2024 www.manuu.edu.in رجسٹرار